**Series ΣHEFG/C**

**Set-4**

Q.P. Code **257**

Roll No.

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# سماجیات

# SOCIOLOGY
## (Urdu Version)

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۸۰

Time allowed : **3** hours

Maximum Marks : **80**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **13** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **38** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **13** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **38** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

^

**عام ہدایات :**

مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے۔

(i) یہ سوال نامہ چار سیکشن **A, B, C** اور **D** میں منقسم ہے۔

(ii) سوال نامہ میں کل **38** سوالات ہیں۔ **سبھی سوالات لازمی ہیں۔**

(iii) **سیکشن۔A** میں سوال نمبر **1** تا **20** معروضی قسم کے سوالات ہیں۔ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

(iv) **سیکشن۔B** میں سوال نمبر **21** تا **29** مختصر ترین جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 30 الفاظ میں دیجیے۔

(v) **سیکشن۔C** میں سوال نمبر **30** تا **35** مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 80 الفاظ میں دیجیے۔

(vi) **سیکشن۔D** میں سوال نمبر **36** تا **38** طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال 6 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 200 الفاظ میں دیجیے۔ سوال نمبر **38** کا جواب اقتباس کی بنیاد پر لکھیے۔

# سیکشن-A

سوال نمبر **1** تا **20** معروضی قسم کے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے **1** نمبر ہیں۔ $20 \times 1 = 20$

**1.** کسی مخصوص علاقے میں ایک مقررہ وقت کے دوران فی **1000** مردوں کے مقابلے عورتوں کی تعداد کیا کہلاتی ہے؟

(a) آبادی کی عمر ساخت

(b) جنسی تناسب

(c) انحصاری تناسب

(d) آبادی کی شرح افزائش (نمو)

**2.** **دعویٰ** (A) : غالب ذات اصطلاح کا استعمال ایسی ذاتوں کا ذکر کرنے کے لیے کیا جاتا ہے جن کی آبادی کافی بڑی ہے۔

**وجہ** (R) : انھیں آزادی کے بعد کی گئی جزوی زمینی اصلاحات کے ذریعے زمین کے اختیارات فراہم کیے گئے تھے۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں، لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے

**.3** درج ذیل میں سے کون سماجی طبقہ بندی کی خصوصیت **نہیں** ہے ؟

(a) اسے عقائد کے ذریعے استحکام ملتا ہے۔

(b) یہ افراد کے درمیان اختلافات کا فنکشن (تفاعل) ہے۔

(c) یہ نسل در نسل بنی رہتی ہے۔

(d) یہ لوگوں کو خود ملا ہوا ہے۔

**.4** قبائلی نظریہ درج ذیل میں سے کس کی نشاندہی کرتا ہے ؟

(a) انھیں اپنی شناخت پر فخر ہے۔

(b) وہ اپنی مرضی سے اپنی شناخت کی قیمت پر اصل دھارے میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔

(c) انھیں اپنی شناخت پر فخر نہیں ہے۔

(d) قبائلی گروہ رابطے میں آنے والے نئے لوگوں سے اپنے آپ کو الگ ظاہر کرنا نہیں چاہتے۔

**.5** جب ایمرجنسی کے بعد جنتا پارٹی نے اقتدار کی کمان سنبھالی اس وقت ________ کی قیادت میں دوسرا پسماندہ طبقہ کمیشن کا قیام عمل میں آیا تھا۔

(a) جواہر لعل نہرو

(b) بی پی منڈل

(c) اندرا گاندھی

(d) وی وی گری

**6.** اس جہان میں اپنے وجود کو فعال بنائے رکھنے کے لیے ہر شخص کو ایک مستقل/ مستحکم شناخت کی ضرورت ہوتی ہے۔

کمیونٹی شناخت کے بارے میں **غلط** بیان کا انتخاب کیجیے۔

(a) کمیونٹی شناخت پیدائش پر مبنی ہوتی ہے

(b) کمیونٹی شناخت اپنے پن پر مبنی ہوتی ہے

(c) کسی کمیونٹی میں پیدا ہونے کے لیے ہمیں کچھ نہیں کرنا پڑتا۔

(d) کمیونٹی شناخت اکتسابی صلاحیتوں پر مبنی ہوتی ہے۔

**7.** "ان قدامت پسندوں کو جن کے دل میں اقلیتوں کے تحفظ کے خلاف ایک طرح کے تعصب کو فروغ دیا گیا ہے، میں اس سلسلے میں دو باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ ایک یہ کہ اقلیتی فرقہ ایک دھماکہ خیز قوت ہے، جو اگر بھڑک اٹھے، تو ریاست کی پوری وضع کو تار تار کر دے گی"۔

یہ بیان __________ کے خیالات سے متعلق ہے۔

(a) ڈاکٹر امبیڈکر     (b) سری نواس

(c) مہاتما گاندھی     (d) جواہر لعل نہرو

**8.** ہندوستان میں 21ویں صدی میں شہر کاری کا عمل بہت تیز ہوتا نظر آتا ہے۔ حکومت ہند کا ________ منصوبہ اس رفتار کو مزید تیز کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

(a) اسمارٹ سٹی

(b) گرام اودے سے بھارت اودے

(c) اسٹینڈ اپ انڈیا

(d) اسٹارٹ اپ انڈیا

**.9** **دعویٰ** (A) : پرنٹنگ پریس، ٹیلی گراف اور اُس کے بعد میں مائکروفون کا وِستار اور اسٹیم شپ اور ریل سے لوگوں واشیاء کے نقل وحمل نے نئے خیالات کو تیز رفتاری فراہم کرنے میں مدد کی۔

**وجہ** (R) : نئی ٹیکنالوجی نے ترسیل کی مختلف شکلوں کو رفتار عطا کی۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے۔

**.10** **دعویٰ** (A) : خواتین بھی زرعی مزدوروں کے اہم ذریعہ کے طور پر ابھر رہی ہیں جس کی وجہ سے 'زرعی مزدوروں کی تانیث' ہو رہی ہے۔

**وجہ** (R) : غریب علاقوں میں جہاں فیملی کے مرد ممبران سال کا زیادہ تر عرصہ گاؤں کے باہر کام کرنے میں گزارتے ہیں، زراعت بنیادی طور پر خواتین کا کام بن گئی ہے۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے۔

**.11** حکومت عوامی شعبہ کی کمپنیوں کے اپنے حصّے کو پرائیویٹ (نجی) شعبہ کی کمپنیوں کو فروخت کرنے کی کوشش کر رہی ہے، اسے ________ کہا جاتا ہے۔

(a) نااصل کاری

(b) منظم شعبہ

(c) غیر منظم شعبہ

(d) نرم کاری

**12.** درج ذیل میں سے کون سا متبادل حسابی تصاعد کو ظاہر کرتا ہے؟

(a) 2, 4, 6, 8, 10, ...

(b) 2, 4, 8, 16, ...

(c) 1, 2, 4, 6, ...

(d) 2, 6, 18, 54, ...

**13.** درج ذیل میں سے کس کی شناخت مشترکہ خاندان کے طور پر کی جاسکتی ہے؟

(a) بھائیوں کا ایک گروپ اپنی اپنی فیملی کے ساتھ

(b) ماں۔باپ اور ان کے بچوں کا گروپ

(c) ایک بزرگ جوڑا اپنے بیٹے کے ساتھ

(d) ان میں سے کوئی نہیں

**14.** مہاجر زرعی مزدوروں میں اضافہ دیہی سماج کی ایک دیگر اہم تبدیلی ہے جو زراعت کے کمرشیلائزیشن سے متعلق ہے۔

ہجرت کرنے والے ان مزدوروں کے لیے جان بریمن نے کیا پد استعمال کیا ہے؟

(a) آزاد پا مزدور

(b) زرعی مزدوروں کی تانیث کاری

(c) ایجنٹ

(d) بندھوا مزدور

**.15** **دعویٰ** (A) : کارخانے کے سبھی کام جیسے صفائی، تحفظ، حتیٰ کہ پرزوں کی پیداوار بھی بیرونی ذرائع کی مدد سے انجام دیے جاتے ہیں۔

**وجہ** (R) : بیرونی ذرائع کی مدد سے کیا گیا اور ٹھیک وقت پر کام کمپنی کی لاگتوں کو کم رکھتا ہے۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے۔

**.16** **دعویٰ** (A) : جھارکھنڈ ہندوستان کی نئی تشکیل دی گئی ریاستوں میں سے ایک ہے، جو ایک سماجی تحریک کے نتیجے کے طور پر سال 2000 میں جنوبی بہار سے بنی ہے۔

**وجہ** (R) : جھارکھنڈ کی تشکیل کی کامیابی بغیر قیادت کی تحریک میں پنہاں ہے۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے۔

**.17** ________ سماجی تحریک کا مقصد اپنے انفرادی ممبروں کے ذاتی شعور اور سرگرمیوں میں تبدیلی لانا ہوتا ہے۔

(a) اصلاحی

(b) نجات پانے سے

(c) انقلابی

(d) نسبتی محرومی سے

**.18** خاندان کے تعلق سے درج ذیل میں سے کیا درست ہے/ہیں؟

.I خاندان ایک سماجی ادارہ ہے۔

.II خاندان کی ساخت دیگر سماجی اداروں سے جڑی ہے۔

.II خاندان کی ساخت اور اس کی ترکیب میں تبدیلی آسکتی ہے۔

(a) I درست نہیں ہے

(b) I اور II درست ہیں

(c) I اور III درست ہیں

(d) II , I اور III درست ہیں

**.19** **دعویٰ** (A) : بیسویں صدی، میں کئی ہندوستانی زبانوں سے سنسکرت کے الفاظ اور فقروں کو ترک کرنیکی کوشش کی گئی۔

**وجہ** (R) : بیسویں صدی میں برہمن مخالف تحریکوں میں اضافہ ہوا اور علاقائی خود شعوری کو فروغ ملا۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں اور وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت کرتی ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R)، دعویٰ (A) کی درست وضاحت **نہیں** کرتی ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن وجہ (R) درست ہے۔

**20.** سنسکرت کاری کے عمل میں کس کسوٹی کو **نہیں** اپنایا جاتا ہے؟

(a) سبزی خور ہو جانا (b) مقدس دھاگا اختیار کرنا

(c) مذہبی تقریبات کو اپنانا (d) ڈھول نگاڑے بجانا

## سیکشن-B

**21.** کیرل کے دیہی علاقے بنیادی طور پر زراعتی ہونے کے بجائے مخلوط معیشت والے ہیں۔ یہ مخلوط معیشت کس طرح ہے؟ *2*

**22.** ایک مثال کی مدد سے سواضح کیجیے کہ کارکنان کی مہارتیں کس طرح کم ہو جاتی ہیں۔ *1+1=2*

**23.** (a) ماحول کو بہتر بنائے رکھنے کے لیے درختوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔ جیسا کہ ماحول، صاف پانی اور آس پاس کی صفائی پر منحصر ہوتا ہے اور یہ ضروری بھی ہے۔

اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے حکومتِ ہند نے حال ہی میں دو مہم (مشن) شروع کی ہیں۔ ان کے نام لکھیے۔ *1+1=2*

**یا**

(b) ملک بھر میں پھیلے ہوئے قبائلی گروہوں کے مسائل یکساں ہو سکتے ہیں، لیکن ان کے امتیازات بھی اتنے ہی اہم ہیں۔ ہندوستان میں نو تشکیل شدہ دو ریاستوں کے نام لکھیے جو قبائلی تحریکوں کے نتیجے میں وجود میں آئیں۔ *1+1=2*

**24.** (a) دیہی سماج میں تنوع کی دو وجوہات بتائیے۔ *1+1=2*

**یا**

(b) دیہی سماج میں عورتوں کو زمین کا مالکانہ حق کیوں نہیں دیا جاتا ہے۔ دو وجوہات بتائیے۔ *1+1=2*

**25.** ہندوستانی قومی ریاست سماجی اور ثقافتی لحاظ سے دنیا کے سب سے زیادہ متنوع ممالک میں سے ایک ہے۔ دو وجوہات لکھیے۔ *1+1=2*

**26.** دو ایسے اہم مسائل بتایئے جنھوں نے قبائلی تحریکوں کو طول دینے میں سب سے اہم کردار ادا کیا ہے؟ *1+1=2*

**27.** مادر نسبی اور نظام مادر اقتداری کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ *1+1=2*

**28.** آبادی کی افزائش سے متعلق مالتھس کے نظریہ کے مطابق آبادی کی افزائش پر قابو پانے کے لیے دور کاوٹوں کے

نام اور ان کی وضاحت کیجیے۔ *1+1=2*

**29.** (a) فیکٹری مزدوروں کو درپیش کوئی دو چیلنجیز کے نام لکھیے۔ *1+1=2*

**یا**

(b) کارکنان سے زیادہ کام کروانے کے کوئی دو طریقے بیان کیجیے۔ *1+1=2*

## سیکشن-C

**30.** (a) ہم یہ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ مختلف قسم کی اصلاحی سماجی تحریکوں کے مرکزی خیال ایک ہی جیسے تھے، تاہم کچھ نمایاں فرق بھی موجود تھا۔ *4*

**یا**

(b) مثالوں کی مدد سے اس بات کی وضاحت کیجیے کہ ثقافتی تبدیلی کئی سطحوں پر ہوئی اور اس کی اساس میں نو آبادیاتی دور میں مغرب سے ہمارا تعارف تھا۔ *4*

**31.** سبز انقلاب اور اس کے سماجی نتائج سے بحث کیجیے۔ *1+3=3*

**32.** ہڑتال اور تالا بندی میں فرق کی وضاحت کیجیے۔ 1982 میں 'بمبئی ٹیکسٹائل مل' کی مشہور ہڑتال میں کارکنان کے مطالبات کیا تھے؟ *2+2=4*

**33.** دو خواتین مصنفین کی تخلیقات کے ذریعہ خواتین کے حقوق سماجی اصلاح میں اُن کی حصّہ داری بیان کیجیے۔ *4*

**34.** (a) چائے باغات کی مثال کا استعمال کرتے ہوئے کس طرح انگریزوں کی پالیسیوں نے ہندوستانی مزدوروں کا استحصال کیا ؟ *4*

**یا**

(b) ایم۔ایس۔اے راؤ کے ذریعے پیش کیے گئے شہر کاری کے اقسام کو بیان کیجیے۔ *4*

**35.** دنیا بھر میں عوام کی معذوری کا جو مفہوم لیا جاتا ہے اس کی عام خصوصیات کیا ہیں؟ *4*

# سیکشن۔D

**36.** (a) ہندوستان میں آبادی سے متعلق پالیسی کی وضاحت کیجیے۔ *4+2=6*

**یا**

(b) آبادیاتی عبور کے نظریہ سے بحث کیجیے۔ *1+5=6*

**37.** ایک سول سوسائٹی کا آمرانہ مملکت کے ساتھ موازنہ کیجیے۔ *3+3=6*

**38.** دیے گئے اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ *2+4=6*

اسی طرح، اس علاقے میں نسلیت کا عروج ایک اجنبی طاقتور نظام کے ساتھ قبیلے کے ربط میں آنے کے نتیجے میں ہوا جو نئی صورت حال کا سامنا کرنے کا جوابی عمل تھا۔ ہندوستانی اصل دھارا سے کافی عرصہ تک علاحدہ رکھنے کے سبب یہ قبائلی اپنے عالمی نظریات اور سماجی و ثقافتی اداروں کو بیرونی اثرات سے بہت کم بچا رکھ پائے... جبکہ پہلے مرحلہ میں الگ رہنے کا رجحان دکھائی دیا، ہندوستان کے آئین کے ڈھانچے میں خود مختاری کی تلاش کے ذریعے یہ رجحان تبدیل ہوا۔"(ناگمبری 115 : 2003)

(a) نسلیت کے عروج کے پس پردہ کیا وجوہات تھیں؟ *2*

(b) قبائلی تحریک کے مسائل میں کیا تبدیلی دکھائی دے رہی ہے؟ *4*